روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

جمعرات 4 فروری 2010ء 19 صفر 1431 ہجری 4 تبلیغ 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 29

رسولؐ اللہ سے نسبت

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوہ تبوک کے موقع پر حضرت علیؓ کو پیچھے چھوڑا اس پر انہوں نے عرض کیا کہ آپ مجھے بچوں اور عورتوں میں چھوڑے جا رہے ہیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

کیا تو اس بات پر راضی نہیں کہ تجھے مجھ سے وہی نسبت ہو جو ہارون کو موسیٰ سے تھی ہاں میرے بعد نبی نہیں ہوگا۔

(صحیح بخاری کتاب المغازی باب غزوہ تبوک حدیث 4064)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حضرت علیؓ کا بلند مقام

حضرت علی رضی اللہ متقی، پاک اور خدائے رحمان کے محبوب ترین بندوں میں سے تھے۔

آپ ہم عصروں میں سے چنیدہ اور زمانے کے سرداروں میں سے تھے۔ آپ اللہ کے غالب شیر اور مرد خدائے مہربان تھے آپ کشادہ دست پاک دل اور بے مثال بہادر تھے۔

میدان جنگ میں انہیں اپنی جگہ سے ہٹایا نہیں جا سکتا تھا۔ خواہ دشمنوں کی فوج بھی آپ کے مقابل پر ہوتی۔ آپ نے اپنی عمر سادگی میں گزاری۔ اور آپ زہد و ورع میں بنی نوع انسان کی انتہا کو پہنچے ہوئے تھے۔ اپنی جائیداد کا عطیہ دینے اور لوگوں کے مصائب کو رفع کرنے میں اور یتامیٰ اور مساکین اور ہمسایوں کی خبر گیری میں آپ مرد اول تھے۔ آپ جنگی معرکوں میں ہر طرح کی بہادری میں نمایاں تھے اور شمشیر و سنان کی جنگ میں کارہائے نمایاں دکھلانے والے تھے۔ بایں ہمہ آپ بڑے شیریں اور فصیح اللسان تھے۔ آپ کی گفتگو دل کی گہرائیوں میں اتر جاتی تھی۔ ذہنوں کے زنگ دور ہو جاتے تھے اور دلیل کے نور سے مطلع چکا چوند ہو جاتا تھا۔

آپ ہر قسم کے اسلوب کلام پر قادر تھے اور جس نے بھی آپ کا اس میدان میں مقابلہ کیا تو اسے ایک مغلوب آدمی کی طرح عذر خواہ ہونا پڑا۔ آپ ہر کار خیر میں اور اسالیب فصاحت و بلاغت میں کامل تھے۔ اور جس نے بھی آپ کے کمالات کا انکار کیا گویا وہ بے حیائی کی راہ پر چل پڑا۔ آپ بے قراروں کی دلجوئی کے لئے تیار رہتے۔ قانع اور غربت سے پریشان کو کھانا کھلانے کا حکم دیتے تھے اور اللہ کے مقرب بندوں میں سے تھے۔ بایں ہمہ آپ قرآن کریم کا جام نوش کرنے میں سر فہرست تھے اور قرآن کے دقائق کے ادراک میں آپ کو ایک عجیب فہم عطا ہوا تھا۔ (۔) میں حضرت علی اور ان کے دونوں بیٹوں سے محبت کرتا ہوں اور جو ان کا دشمن ہے میں اس کا دشمن ہوں۔

(ترجمہ از عربی سر الخلافہ۔ روحانی خزائن۔ جلد 8 صفحہ 358-359)

رخصتیں اپنے رب کیلئے حاصل کریں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں۔

”جو دوست گورنمنٹ یا کسی اور ادارہ کے ملازم ہیں ان کو سال میں کچھ عرصہ کی رخصتوں کا حق ہوتا ہے وہ اپنی یہ رخصتیں اپنے لئے یا اپنوں کے لئے لینے کی بجائے اپنے رب کے لئے حاصل کریں اور انہیں اس منصوبہ (وقف عارضی) کے ماتحت خرچ کریں۔“

(الفضل 23 / مارچ 1966ء)

ضرورت سول انجینئر

صدر انجمن احمدیہ کے مختلف تعمیری پروجیکٹس کیلئے سول انجینئرز کی ضرورت ہے۔ خواہشمند حضرات متعلقہ صدر / امیر جماعت کی تصدیق کے ساتھ اپنی درخواستیں 15 فروری 2010ء تک دفتر نظامت جائیداد میں ارسال فرمائیں یا بالمشافہ ناظم جائیداد سے دفتری اوقات میں ملاقات کریں۔ تنخواہ تعلیم اور تجربہ کے مطابق طے کی جائے گی۔

(ناظم جائیداد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ)

نیورو فزیشن کی آمد

مکرم ڈاکٹر رفیق احمد بشارت صاحب نیورو فزیشن مورخہ 7 فروری 2010ء کو فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مریضوں کے معائنہ کیلئے لاہور سے تشریف لائیں گے احباب و خواتین سے گزارش ہے کہ ان کی خدمات سے استفادہ کیلئے ہسپتال تشریف لائیں اور پرچی روم سے رابطہ کر کے قبل از وقت اپنی پرچی بنوا لیں اور مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

شادی بیاہ کے موقع پر رسوم سے پرہیز کریں

نکاح اور شادی خالصتاً ایک شرعی فریضہ ہے۔ اس کو غلط رسومات کی ملونی سے بے برکت کرنا مناسب نہیں۔ (فیصلہ مجلس شوریٰ 2009ء)

(ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات شوریٰ 2009ء)

ماٹو شوریٰ 2009ء

''یہ کہ اتباع رسم اور متابعت ہوا وہوس سے باز آ جائے گا اور قرآن شریف کی حکومت کو بکلّی اپنے سر پر قبول کرے گا۔ اور قال اللہ اور قال الرسول کو اپنے ہر یک راہ میں دستور العمل قرار دے گا۔''

(چھٹی شرط بیعت)

شادیوں پر فضول خرچی اور آتش بازی کی ممانعت

بیاہ شادی کی بدرسوم کے متعلق حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''ہماری قوم میں ایک یہ بھی بدرسم ہے کہ شادیوں میں صدہا روپیہ کا فضول خرچ ہوتا ہے سو یاد رکھنا چاہئے کہ شیخی اور بڑائی کے طور پر برادری میں بھاجی تقسیم کرنا اور اس کا دینا اور کھانا یہ دونو باتیں عندالشرع حرام ہیں اور آتش بازی چلانا اور رنڈی بھڑووں ڈوم ڈھاریوں کو دینا یہ سب حرام مطلق ہے ناحق روپیہ ضائع جاتا ہے اور گناہ سر پر چڑھتا ہے۔ سو اس کے علاوہ شرع شریف میں تو صرف اتنا حکم ہے کہ نکاح کرنے والا بعد نکاح کے ولیمہ کرے یعنی چند دوستوں کو کھانا پکا کر کھلا دیوے۔'' (ملفوظات جلد 5 صفحہ 49)

تمام رسوم ورواج اور تمدنی پابندیوں کو ترک کردیں

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں۔

''دنیا (دین) اور اس کی تعلیم سے بہت دور چلی گئی ہے ہمارا فرض ہے کہ آنحضرت ﷺ کے ارشاد کے مطابق (دین) کی تعلیم کو دنیا میں قائم کریں تمام رسوم و رواج اور تمدنی پابندیوں کو ترک کردیں تا وہ (دینی) فضا جو حضرت اقدس محمد ﷺ قائم کرنا چاہتے تھے قائم ہو یاد رکھو کہ مغربی تہذیب وتمدن اور فیشن ہرگز باقی نہیں رہیں گے بلکہ مٹا دیئے جائیں گے اور ان کی جگہ دنیا میں (دینی) تمدن قائم ہوگا...... خدا تعالیٰ اپنے مومن بندوں کو اپنی محبت کی آگ دیتا ہے خوب یاد رکھو کہ یہ ممکن ہی نہیں کہ (دین) کے راستہ میں کھڑی ہونے والی چیزیں قائم رہ سکیں۔''

(خطبات محمود جلد سوم صفحہ 488)

بدرسوم کے خلاف جہاد کا اعلان

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں۔

''میں ہر گھر کے دروازے پر کھڑے ہوکر اور ہر گھرانہ کو مخاطب کر کے بدرسوم کے خلاف جہاد کا اعلان کرتا ہوں اور جو احمدی گھرانہ بھی آج کے بعد ان چیزوں سے پرہیز نہیں کرے گا اور ہماری اصلاحی کوشش کے باوجود اصلاح کی طرف متوجہ نہیں ہوگا وہ یہ یاد رکھے کہ خدا اور اس کے رسول اور اس کی جماعت کو اس کی کچھ پرواہ نہیں ہے وہ اس طرح جماعت سے نکال کے باہر پھینک دیا جائے گا جس طرح دودھ سے مکھی۔ پس قبل اس کے کہ خدا کا عذاب کسی قہری رنگ میں آپ پر وارد ہو یا اس کا قہر جماعتی نظام کی تعزیر کے رنگ میں آپ پر وارد ہو اپنی اصلاح کی فکر کرو اور خدا سے ڈرو اور اس دن کے عذاب سے بچو کہ جس دن کا ایک لحظہ کا عذاب بھی ساری عمر کی لذتوں کے مقابلہ میں ایسا ہی ہے کہ اگر یہ لذتیں اور عمریں قربان کردی جائیں اور انسان اس سے بچ سکے تو تب بھی وہ مہنگا سودا نہیں، سستا سودا ہے۔''

(خطبات ناصر جلد 1 صفحہ 762-763)

بے پردگی کا عام رجحان

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:۔

''جو قباحتیں راہ پکڑ رہی ہیں ان میں سے ایک بے پردگی کا عام رجحان بھی ہے جو یقیناً احکام شریعت کی حدود پھلانگنے کے قریب ہو چکا ہے اور شادی والوں کی اس معاملہ میں بے حسی کو بھی ظاہر کرتا ہے۔ کیونکہ معزز مہمانوں میں بہت سی حیاء دار پردہ دار بیبیاں ہوتی ہیں۔ بے دھڑک انٹ سنٹ فوٹوگرافروں یا غیر ذمہ دار اور غیر محرم مردوں کو بلا کر تصویریں کھنچوانا اور یہ پرواہ نہ کرنا کہ یہ معاملہ صرف خاندان کے قریبی حلقے تک ہی محدود ہے۔ اس بارہ میں واضح طور پر بار بار نصیحت ہونی چاہیے کہ آپ نے اگر اندرون خانہ کوئی ویڈیو وغیرہ بنانی ہے تو پہلے مہمانوں کو متنبہ کر دیا جائے اور صرف محدود خاندانی دائرے میں ہی شوق پورے کئے جائیں۔''

(الفضل 26 جون 2002ء)

ایک شعری نشست

زیر انتظام: مدرسۃ الظفر وقف جدید ربوہ

مدرسۃ الظفر وقف جدید ربوہ نے مورخہ 18 جنوری 2010ء کو بوقت صبح 11 بجے سیمینار ہال ایوان محمود مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان میں جماعت احمدیہ کے معروف شاعر مکرم راجہ محمد یوسف صاحب آف جرمنی کے ساتھ ایک شعری نشست منعقد کی۔ اس شعری نشست میں مدرسۃ الظفر کے طلباء واساتذہ کے علاوہ بعض دیگر مہمان بھی شریک ہوئے۔

تلاوت قرآن کریم کے بعد مکرم طارق محمود صاحب استاد مدرسۃ الظفر نے مہمان خصوصی مکرم راجہ محمد یوسف صاحب کا تعارف پیش کرتے ہوئے بتایا کہ آپ 1958ء میں اٹک میں پیدا ہوئے اور پنجاب یونیورسٹی سے ایم اے سیاسیات کیا۔ اس کے بعد آپ سعودی عرب اور پھر جرمنی میں مقیم ہوئے اور آجکل جرمنی میں ایک کمپیوٹر سیکیورٹی کمپنی میں بزنس مینیجر کے طور پر کام کر رہے ہیں۔ انسانی حقوق کے بارہ میں آپ نے 4 کتب تالیف کی ہیں جو جرمن زبان میں شائع ہوچکی ہیں۔ جرمنی کے ادبی حلقوں میں آپ کا شمار ایک سینئر شاعر کے طور پر ہوتا ہے۔ موجودہ دورہ پاکستان کے دوران یونیورسٹی آف ایجوکیشن لاہور اور لاہور کے دیگر ادبی حلقوں میں آپ کے ساتھ شعری نشست کا اہتمام کیا گیا۔ اسی طرح اسلام آباد میں ''مقتدرہ قومی زبان'' میں ہونے والی ایک تقریب میں شرکت کے علاوہ ایک ادبی موضوع پر بنائی جانے والی رپورٹ کے سلسلہ میں پی ٹی وی کو ایک انٹرویو بھی دے چکے ہیں۔ آپ مکرم راجہ منیر احمد خاں صاحب صاحب پرنسپل جامعہ احمدیہ جونیئر سیکشن کے بڑے بھائی ہیں۔

تعارف کے بعد مہمان شاعر نے خلافت احمدیہ سے محبت کے اظہار اور حالات حاضرہ کے بارے میں بعض نظمیں اور غزلیں پیش کیں جن میں سے بعض منتخب اشعار قارئین کی دلچسپی کے لئے پیش ہیں۔

ہمارے سروں پر خلافت کا سایہ
فلک سے ہے اترا یہ برکت کا سایہ
منور ہوئے پھر سے اکناف عالم
عدم کو روانہ ہے ظلمت کا سایہ
جو رہتے ہیں ہو کر خلافت کے خادم
اترتا ہے ان پر سکینت کا سایہ

....

ہم آنکھ سے ٹپکے ہوئے اک اشک کی مانند
اس شوق سے رکھتے بھی تو کس بات کا پردہ
اس ہجر کی لذت سے نہ یوں مجھ کو نکالو
اس لطف پہ ڈالو نہ ملاقات کا پردہ
پھیلا ہے فضاؤں میں معارف کا خزانہ
اٹھنے کو ہے فرسودہ خیالات کا پردہ

....

ہے تمہارا رنگ جیسے چار سُو بکھرا ہوا
ذرہ ذرہ ہے تمہارے روبرو بکھرا ہوا
کس قدر پُرکیف ہے اک موجۂ باد صبا
یار کی زلفوں سے ہو کر مشک بُو بکھرا ہوا

....

چار سُو پھیلی ہوئی کون و مکاں تک تشنگی
تشنگی ہی تشنگی حد جہاں تک تشنگی
دیکھ سکتا ہوں جہاں تک میں وہاں تک تشنگی
آئینے میں جلوہ گر نقش رواں تک تشنگی

....

جیسے گردش میں زمیں ہو آسماں اوڑھے ہوئے
گھومتا پھرتا ہوں میں اک داستاں اوڑھے ہوئے
قافلہ در قافلہ صدیاں سفر کرتی رہیں
اور میں اب تک ہوں گردِ کارواں اوڑھے ہوئے

....

لے گیا ہے کون میری ذات کی تنہائیاں
رکھ گیا ہے کون دل کے آئینہ خانوں میں خواب

آخر پر مکرم اسفندیار منیب صاحب پرنسپل مدرسۃ الظفر وقف جدید نے محترم مہمان خصوصی ومعزز شاعر اور دیگر شرکاء کا تہہ دل کے ساتھ شکریہ ادا کیا۔ محترم مہمان خصوصی نے اختتامی دعا کروائی اور اس طرح یہ دلچسپ شعری نشست اپنے اختتام کو پہنچی دعا کے بعد تمام مہمانان کی خدمت میں ریفریشمنٹ پیش کی گئی۔

رپورٹ: ایم۔اے رشید

سیسٹرم پرکوی

(Cestrum Parqui)

یہ سدابہار پھولوں میں سب سے خوبصورت پھول ہے۔ اسے دیکھ کر اس کی خوبصورتی پر یقین نہیں آتا۔ سیسٹرم پرکوی کی کئی قسمیں ہیں جو اپنی اپنی جگہ خوش رنگ ہیں لیکن ان پھولوں کی سنہری مائل قسم پاکستان میں سب سے مقبول ہے۔ اس پودے کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ یہ سارا سال پھول دیتا ہے۔ جب گھر میں سنہری پھول گلدستوں اور گلدانوں میں لگائے جاتے ہیں تو قوس قزح کا سماں پیدا ہو جاتا ہے۔ سیسٹرم پرکوی کا پودا بھی جھاڑی نما ہے۔ یہ اپنی مضبوطی کی وجہ سے کئی سال موجود رہتا ہے اور اس میں پھول پیدا کرنے کی صلاحیت کم نہیں ہوتی۔

پبلشر وپرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ — مطبع: ضیاء الاسلام پریس — مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) — قیمت 5 روپے

مکرم چوہدری رشید الدین صاحب

محترم چوہدری ظہور احمد باجوہ صاحب

گاؤں کی قربت اور خاندانوں کے باہمی تعلقات کے باوجود خاکسار کو محترم چوہدری ظہور احمد باجوہ صاحب سے ملاقات کا موقع اس وقت ملا جب وہ 1955ء میں لندن سے واپس ربوہ تشریف لائے۔ 1956ء میں وہ نائب ناظر اصلاح وارشاد مقرر ہوئے اس وقت حضرت صاحبزادہ مرزا شریف احمد صاحب ناظر تھے۔ 1957ء میں ہماری کلاس نے شاہد پاس کرنے کے بعد نظارت اصلاح وارشاد میں رپورٹ کی حضرت صاحبزادہ صاحب نے خاکسار کو کام کے لئے اپنے ساتھ رکھ لیا۔ اس طرح قریباً ایک سال تک مجھے محترم باجوہ صاحب کے قریب رہ کر نظارت میں کام کرنے کا موقع مل گیا۔

ایک دفعہ حضرت صاحبزادہ صاحب کہیں باہر تشریف لے گئے اور مولوی قمر الدین صاحب انسپکٹر اصلاح وارشاد چھٹی پر تھے۔ مکرم باجوہ صاحب نے ان دنوں محترم مولوی صاحب کا کام میرے سپرد کر دیا مجھے یاد ہے کہ جب میں کوئی چٹھی لکھتا تو آپ اصلاح فرماتے اور بتاتے کہ کس طرح تحریر کو بہتر اور مؤثر بنایا جاسکتا ہے۔ آپ عموماً اس فقرہ کا ضرور اضافہ فرماتے کہ آپ کو سلسلہ کی روایات کا خیال رکھنا چاہئے یا آپ کو سلسلہ کی روایات کے خلاف عمل نہیں کرنا چاہئے۔ اس طرح ہمیں آپ سے بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملا۔ آپ کی تحریر پختہ، مختصر اور موثر ہوتی تھی۔ ان دنوں آپ کبھی کبھی رسالہ ''لاہور'' میں ایک کالم بھی لکھا کرتے تھے۔ عموماً علماء کے بارہ میں کسی خبر یا بیان کو موضوع سخن بناتے۔ گہری طنز کرتے اور ان کی خوب خبر لیتے۔ آپ کا یہ کالم مختصر اور دلچسپ ہوتا تھا۔

آپ کی دینی گفتگو بھی بڑی مؤثر اور تسلی بخش ہوتی مخالف پر آپ کی گرفت مضبوط ہوتی اور اسے لاجواب کر دیتے۔ لوگوں کو پیغام حق پہنچانے کے سلسلہ میں آپ ایک کامیاب داعی الی اللہ تھے۔ بات چیت کرنے کا آپ کو ایسا ملکہ حاصل تھا کہ اس بارہ میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے آپ کی خاص تعریف فرمائی۔ حضور نے جلسہ سالانہ کے موقع پر 26 دسمبر 1955ء کو اپنی افتتاحی تقریر میں نوجوانوں کو قرآن شریف اور حضرت مسیح موعود کی کتب کا مطالعہ کرنے کی طرف توجہ دلاتے ہوئے آپ کی مثال دی کہ آپ نے صرف بی۔اے کیا تھا اور دینی تعلیم کچھ زیادہ نہ تھی لیکن حضرت مسیح موعود اور آپ کے خلفاء کی کتب کا مطالعہ کر کے ہی باجوہ صاحب نے اپنے اندر ایسی استعداد پیدا کر لی تھی کہ بڑے تعلیم یافتہ انگریزوں اور ہوشیار علماء سے مدلل گفتگو کر لیتے تھے اور ان کے سوالوں کے مکمل اور مسکت جواب دیتے تھے۔ حضور نے فرمایا:۔

''لندن میں ہمارے ایک (۔) ہوتے تھے چوہدری ظہور احمد باجوہ۔ وہ آج کل ناظر رشد واصلاح ہیں۔ ان کے ساتھ بعض دفعہ لوگوں کی گفتگو ہوتی تھی۔ بعض دفعہ انگریزوں کی اور بعض دفعہ جو بڑے بڑے ہوشیار اور جہاندیدہ پیغامی مبلغ وہاں ہیں ان کی۔ جب وہ سوال یا جواب آتا تو ہمیشہ ان کا خط پڑھ کر میرا دل کانپتا تھا کہ یہ کوئی غلطی نہ کر بیٹھیں۔ مگر ہمیشہ ہی میں نے دیکھا کہ جب میں ان کا جواب پڑھتا تھا تو دل خوش ہو جاتا تھا۔ وہ ایسا مکمل اور اعلیٰ جواب ہوتا تھا کہ میرا دل مانتا تھا کہ اس شخص کی اللہ تعالیٰ نے مدد کی ہے۔''

(روزنامہ الفضل ربوہ 10 فروری 1956ء)

حضرت مصلح موعود جیسی مبارک اور عظیم ہستی کی طرف سے یہ الفاظ مکرم باجوہ صاحب کے لئے بہت بڑا اعزاز ہیں۔

محترم باجوہ صاحب دفتری امور میں بڑے باقاعدہ انسان تھے۔ عین وقت پر دفتر پہنچ جاتے۔ پورا وقت اپنی میز پر موجود رہتے۔ ضروری کاموں کے سوا کہیں ادھر ادھر نہ جاتے۔ دلجمعی اور دلچسپی سے کام کرتے۔ وقت پورا ہونے کے بعد ہی گھر واپس جاتے سمجھدار افسر کی طرح دفتر کا ہر کام ان کے ذہن میں مستحضر ہوتا اور ان کی خواہش اور کوشش ہوتی کہ سب کام وقت پر سرانجام دئے جائیں۔

بیت اقصیٰ کا انتظام نظارت اصلاح وارشاد کے ماتحت ہوتا ہے۔ وہ ہفتہ بھر ریڈیو پر موسمیاتی خبریں بھی سنتے تا کہ جمعہ کے دن نمازیوں کے لئے حالات کے مطابق انتظام کیا جاسکے۔ وہ چاہتے کہ کام پورا ہو جائے، رکھ رکھاؤ کا انہیں زیادہ خیال نہ ہوتا تھا۔ ایک دفعہ جبکہ جلسہ سالانہ کے دن قریب تھے میں دفتر کے باہر برآمدہ میں کھڑا تھا کہ مکرم باجوہ صاحب جلدی میں دفتر سے نکلے۔ کچھ پریشان نظر آئے۔ فرمایا کہ مجھے جلد از جلد جلسہ گاہ تک پہنچاؤ۔ ابھی ابھی اطلاع ملی ہے کہ حضور معائنہ کے لئے وہاں تشریف لے جا رہے ہیں۔ اس وقت موٹریں تو میسر نہ تھیں۔ سائیکل کے پیچھے کیریر (carrier) پر وہ بیٹھتے نہ تھے فرماتے کہ مجھے گھبراہٹ ہوتی ہے۔ میں نے آگے انہیں بٹھایا اور سائیکل دوڑائی۔ الحمد للہ کہ ہم حضور سے دو منٹ قبل سٹیج پر پہنچ گئے۔ حضرت مصلح موعود نے جلسہ گاہ کا معائنہ فرمایا۔ بعض امور کے بارہ میں وضاحت طلب فرمائی۔ تیاری کو مکمل پا کر حضور نے خوشنودی کا اظہار فرمایا اور واپس تشریف لے گئے۔ تھوڑی دیر بعد ہم بھی اسی طرح سائیکل پر دفتر واپس آ گئے۔

حضرت صاحبزادہ مرزا شریف احمد صاحب کی نگرانی میں غالباً پانچ سال تک نظارت اصلاح وارشاد کا انتظام آپ نے بڑی کامیابی سے چلایا۔ حضرت مصلح موعود کا اعتماد آپ کو حاصل تھا۔ جب لمبی بیماری اور کمزوری کی وجہ سے حضرت صاحبزادہ صاحب کے لئے کام کرنا مشکل ہو گیا تو حضور نے آپ کو ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد مقرر فرمایا۔ اس کے بعد آپ نے بطور ناظر زراعت، ناظر صنعت وتجارت، ناظر امور عامہ اور ایڈیشنل ناظر تعلیم القرآن لمبا عرصہ خدمت سلسلہ کی توفیق پائی۔ آخر میں آپ صدر، صدر انجمن احمدیہ بھی رہے۔ غرض اس ممتاز خادم سلسلہ کا آخر عمر تک اوڑھنا بچھونا سلسلہ احمدیت کی خدمت ہی رہا۔

غالباً 1960ء میں جبکہ خاکسار بطور مربی سلسلہ کوئٹہ میں مقیم تھا مکرم باجوہ صاحب مختلف جماعتوں کا دورہ کرتے ہوئے کراچی پہنچے اور وہاں سے کوئٹہ تشریف لے گئے۔ ان دنوں محترم شیخ محمد حنیف صاحب امیر جماعت تھے۔ مرکزی مہمان عام طور پر انہی کے ہاں قیام فرماتے اور مکرم شیخ صاحب خوشی سے ان کی اچھی مہمان نوازی کرتے۔ محترم باجوہ صاحب ان کے ہاں جانے کی بجائے خاکسار کے غریب خانہ پر تشریف لے آئے۔ فرمایا کہ میں نے سوچا آپ کے ہاں قیام بے تکلفی کی وجہ سے خوشگوار رہے گا۔ محترم مولانا غلام احمد فرخ صاحب مربی سلسلہ سندھ اور محترم مولانا قمر الدین صاحب انسپکٹر اصلاح وارشاد آپ کے ساتھ تھے۔ ان بزرگوں کے لئے ہم نے بیٹھک میں انتظام کر دیا اور محترم باجوہ صاحب کے لئے الگ ایک کمرہ خالی کر دیا۔ رات جب سونے کا وقت ہوا تو آپ نے بیگ کھولا اور تہبند پہن کر آ گئے۔ میرے چھوٹے بھائی عزیز بشیر احمد صاحب اس وقت گورنمنٹ کالج کوئٹہ میں زیر تعلیم تھے۔ انہیں یہ تہبند دیکھ کر حیرانی ہوئی اور کہا کہ مجھے تو خیال تھا کہ آپ کوئی اچھا سا نائٹ سوٹ پہنیں گے۔ کیا آپ لندن میں قیام کے دوران بھی رات کو تہبند ہی پہنا کرتے تھے۔ آپ نے فرمایا کہ بشیر! لندن میں تو میں نے تہبند نہیں پہنا لیکن پاکستان واپس آنے کے بعد پہلی رات سے ہی میں نے تہبند پہننا شروع کر دیا تھا۔ سادگی اور بے تکلفی آپ کا خاص وصف تھا۔ کھانے اور چائے کے اوقات پر آپ کے کمرہ میں محفل جمتی۔ کبھی کبھی محترم امیر صاحب یا مقامی جماعت کے کوئی اور بزرگ بھی شامل ہو جاتے۔ ہفتہ بھر آپ نے قیام فرمایا یہ وقت خوب رونق میں گزرا۔ اس عرصہ میں مرکزی بیت اور محلّہ جات میں کئی تربیتی اجلاس منعقد ہوئے علماء کرام تقاریر کرتے اور محترم باجوہ صاحب صدارتی ریمارکس دیتے۔ آپ اپنے دعوت الی اللہ کے واقعات بیان کرتے۔ نیز احباب جماعت کو مختلف تربیتی امور کی طرف توجہ دلاتے۔

جب آپ ناظر امور عامہ تھے تو ایک دن خاکسار کو طلب فرمایا۔ میں دفتر میں حاضر ہوا تو دیکھا کہ محترم صاحبزادہ مرزا انور احمد صاحب تین افراد کے ساتھ وہاں تشریف فرما ہیں۔ مکرم ناظر صاحب نے ان میں سے ایک صاحب کے ساتھ میرا تعارف کراتے ہوئے فرمایا کہ ان کے والد محترم چوہدری کرم رسول صاحب (پروفیسر زرعی کالج، لائل پور) کے حضرت مصلح موعود کے ساتھ خاص مراسم تھے۔ یہ ایک مشکل میں ہیں اور سخت پریشان ہیں۔ آپ کے گاؤں کے ایک بڑے چوہدری نے ان کا ناک میں دم کر رکھا ہے۔ یہ اپنے تعلق کی وجہ سے محترم صاحبزادہ صاحب کو ساتھ لے کر ہمارے پاس فریاد رسی کے لئے آئے ہیں۔ میری نظر آپ پر پڑی ہے۔ آپ حضور کے تعلق کے پیش نظر پوری کوشش کریں کہ ان کی مشکل دور ہو جائے۔

خاکسار ان کو ساتھ لے کر سرگودھا میں متعلقہ شخص کے پاس گیا۔ وہ احمدی نہیں تھے اور سخت مزاج کے آدمی تھے اور ان صاحب سے سخت برہم تھے۔ تاہم خداتعالیٰ کے احسان سے مختصر گفتگو کے بعد وہ میری بات مان گئے اور کہا کہ میں انہیں معاف کرتا ہوں۔ یہ تسلی سے واپس جائیں۔ اب ان کے خلاف کوئی انتقامی کارروائی نہیں ہوگی۔ اس پر یہ لوگ بہت خوش ہوئے اور ربوہ آ کر محترم صاحبزادہ صاحب اور محترم باجوہ صاحب کا شکریہ ادا کر کے واپس گئے۔

مکرم باجوہ صاحب کے بچپن کے زمانہ میں ہمارے علاقہ میں تعلیمی سہولتوں کا فقدان تھا۔ اور سرگودھا کے زمیندار خوش حال تھے۔ اس لئے ان کے بچے تعلیم کی بجائے چودھراہٹ میں زیادہ دلچسپی لیتے تھے۔ پھر باجوہ صاحب کے خاندان میں چودھراہٹ کے علاوہ نمبرداری بھی تھی۔ اور آپ سب سے بڑے اور لاڈلے بیٹے تھے۔ خدا تعالیٰ کا خاص فضل ہی معلوم ہوتا ہے کہ اس سب شان وشوکت اور چوپال کی رونق کو تیاگ کر آپ مشکل حالات میں تعلیم حاصل کرنے میں جت گئے۔ آپ کے دل میں کچھ خاص لگن ہی تھی جو آپ کو حصول تعلیم کے لئے جگہ جگہ لئے پھری۔ یہاں تک کہ بی اے آپ نے اس وقت کے لحاظ سے دور دراز اور ریگستان میں واقع بہاول پور سے کیا۔ میں نے ایک دفعہ دریافت کیا کہ آپ کیوں اتنی دور چلے گئے۔ کیا اس سے ورے کوئی کالج موجود نہیں تھا؟ بے ساختہ فرمایا کہ وہاں کوئی فیس نہیں لی جاتی تھی۔ اس وقت ریاست بہاولپور پر عباسی خاندان کے نوابوں کی حکومت تھی اور ساری ریاست میں تعلیم مفت تھی۔ (یہ ریاست اضلاع بہاول پور، بہاول نگر اور رحیم یار خاں پر مشتمل تھی۔)

بی اے کرنے کے بعد 1942ء میں آپ وائسرائے کے سیکرٹریٹ دہلی میں ملازم ہو گئے۔ 1945ء میں حضرت مصلح موعود نے جماعت کے تعلیم یافتہ نوجوانوں کو خاص تحریک فرمائی کہ وہ سلسلہ احمدیہ کی فوری ضرورت کے لئے اپنی زندگیاں وقف کر کے

خدمت دین میں حصہ لیں۔ آپ نے اس پر لبیک کہتے ہوئے زندگی وقف کردی اور مارچ 1945ء میں قادیان حاضر ہو کر مربیان کلاس میں داخل ہوگئے۔ اسی سال دسمبر میں آپ کا تقرر لندن میں بطور مربی سلسلہ ہوگیا۔ چار سال بعد فروری 1949ء میں آپ واپس پاکستان آئے اور ڈیڑھ سال یہاں قیام کیا۔ پھر جولائی 1950ء میں آپ نے لندن پہنچ کر امام بیت الفضل کا چارج سنبھالا اور پانچ سال سے زائد عرصہ تک کامیابی کے ساتھ خدمت سلسلہ کے فرائض سر انجام دیتے رہے۔ 1955ء میں آپ مستقل طور پر پاکستان تشریف لے آئے اور اس کے بعد آخر عمر تک صدر انجمن احمدیہ ربوہ کی متعدد نظارتوں میں بطور نائب ناظر، ایڈیشنل ناظر اور ناظر فرائض ادا کرتے رہے۔ اس طرح آپ نے کمال اخلاص سے اپنی ساری عمر خدمت سلسلہ میں گزار دی۔ آپ نے بتایا کہ جب میں نے زندگی وقف کرنے کے بعد اپنی ملازمت سے استعفیٰ دیا تو میرے انگریز افسر نے بڑے تعجب کا اظہار کیا اور از راہ ہمدردی مجھے بہت سمجھایا اور بار بار کہا کہ اتنی اچھی سرکاری ملازمت کو نہ چھوڑو۔ تمہارا کام تسلی بخش ہے۔ میں جلد تمہاری ترقی کے لئے سفارش کرنے والا ہوں اور آئندہ بھی ترقی کے بڑے مواقع ہیں۔ میں نے انہیں بتایا کہ دین کی خدمت کے لئے میں نے امام وقت کی آواز پر لبیک کہا ہے اب میں ہرگز پیچھے نہیں رہ سکتا۔ ان کی حیرانی قائم رہی۔ فرمایا کہ کئی سال بعد لندن کے قیام کے وقت اس انگریز افسر سے ملاقات ہوگئی۔ پھر وہ میرے پاس آتے رہے اور کہتے کہ تم نے اچھا کیا کہ دنیا چھوڑ کر دین کی خدمت اختیار کر لی۔ یہ اچھا اور تسلی بخش سودا ہے۔

مکرم باجوہ صاحب کی شادی دھرگ میانہ ضلع سیالکوٹ کے ایک معزز زمیندار خاندان میں ہوئی۔ آپ کے خسر محترم چوہدری عنایت اللہ صاحب اپنے علاقہ کے ذیلدار تھے اور وسیع تعلقات اور اثر و رسوخ رکھنے والے مخلص احمدی تھے۔ آپ کو دعوت الی اللہ کا شوق تھا۔ چنانچہ اپنی بچی کی شادی کے موقعہ پر بھی انہوں نے ایسا پروگرام بنایا کہ علاقہ کے بااثر لوگوں تک بطریق احسن پیغام حق پہنچ جائے۔ مرکز نے آپ کی درخواست پر اعلان نکاح کے لئے حضرت مولانا غلام رسول صاحب راجیکی کو بھجوا دیا۔ آپ نے خطبہ نکاح کے وقت حالات کے پیش نظر ایک مدلل اور مؤثر تقریر فرمائی جسے سب حاضرین نے بہت پسند کیا اور اس سے فائدہ اٹھایا۔ حضرت مولانا صاحب نے ''حیات قدسی'' میں خود اس کا ذکر فرمایا ہے۔ آپ ایک تبشیری الہام کے عنوان کے تحت تحریر فرماتے ہیں:

''ایک دفعہ خاکسار مرکزی ہدایت کے ماتحت موضع دھرگ میانہ ضلع سیالکوٹ بھجوایا گیا۔ دھرگ کے ذیلدار مکرم چوہدری عنایت اللہ صاحب ایک مخلص اور بااثر احمدی ہیں۔ ان کی صاحبزادی کی شادی عزیزم چوہدری ظہور احمد صاحب باجوہ جو مکرم چوہدری شیر محمد صاحب ساکن چک نمبر 33 سرگودھا کے فرزند اور جناب چوہدری علی بخش صاحب کے پوتے ہیں سے قرار پائی تھی۔ دونوں خاندانوں سے میرے دیرینہ تعلقات ہیں بلکہ چوہدری علی بخش صاحب کی بیعت مع بعض دیگر افراد خاندان کے بفضلہ تعالیٰ میری کوشش سے ہی ہوئی تھی۔ دونوں خاندانوں کی خواہش تھی کہ نکاح میں پڑھاؤں۔ انہوں نے زیادہ اصرار اس لئے بھی کیا کہ خاکسار حقیر خادم کو سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود کی صاحبزادی کے خطبہ نکاح پڑھنے کی سعادت بھی حاصل ہو چکی تھی۔ اس تقریب پر چوہدری عنایت اللہ صاحب نے بہت سے غیر احمدی، سکھ اور عیسائیوں کو بھی مدعو کیا اور مجھے فرمایا کہ اس موقعہ پر ایسا خطبہ دیا جائے کہ سب مذاہب والے اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔ ذیلدار صاحب کے گھر کے قریب ہی بیت تھی۔ میں اس میں چلا گیا اور اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ وہ اپنے خاص فضل سے مجھے ایسی تقریر کرنے کی توفیق دے جو سب سامعین کے لئے فائدہ بخش ہو۔ میں دعا کر رہا تھا کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے نہایت شیریں اور دل پسند لہجہ میں مجھ پر مندرجہ ذیل پنجابی منظوم کلام نازل ہوا:

سبھو حمد خدائے نوں جیندی مثل نہ کو
اکوع اتے مجید نوں جس نے بخشی گو

اس الہام میں ''اکوع اور مجید'' کے متعلق مجھے تفہیم ہوئی کہ یہ زبان کے نیچے دو رگیں ہیں جو گویائی میں کام دیتی ہیں۔ اور دوسرے مصرعہ میں گو کا لفظ گویائی کا مخفف ہے۔ مجھے اس بشارت سے ایک گونہ تسلی ہوئی۔ اور اس کے چند منٹ بعد مجھے خطبہ نکاح کے لئے بلایا گیا۔ حاضرین کی تعداد کئی سو تھی۔ خطبہ شروع ہوا تو اللہ تعالیٰ نے روح القدس سے تائید فرمائی اور میری زبان پر فلسفہ نکاح اور حکمت تزویج کے متعلق بعض ایسے معارف جاری ہوئے کہ تمام حاضرین نہایت محظوظ ہوئے اور بار بار اس بات کا اظہار کرنے لگے کہ ایسے حقائق اس سے پہلے سننے میں نہیں آئے۔ میں نے عرض کیا کہ یہ فیض اور برکت حضرت مسیح موعود کی ہے اور آپ کی تعلیم کے ماتحت یہ معارف بیان کئے گئے ہیں۔''

(حیات قدسی۔ حصہ پنجم صفحہ 101-103)

بزرگوں کی دعاؤں سے مکرم باجوہ صاحب کی شادی ہر لحاظ سے بابرکت ثابت ہوئی۔ آپ کی اہلیہ محترمہ ایک باوقار، دانشمند اور خدمت سلسلہ بجالانے والی خاتون ہیں۔ خوشگوار ازدواجی زندگی کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے آپ کو تین بیٹے اور دو بیٹیاں عطا فرمائیں۔ یہ سب خدا تعالیٰ کے فضل سے نیک اور کامیاب زندگیاں گزار رہے ہیں۔ آپ کے چھوٹے صاحبزادے مکرم ڈاکٹر چوہدری ظہیر احمد باجوہ صاحب آج کل نائب امیر جماعت احمدیہ امریکہ کے طور پر خدمت سلسلہ کی توفیق پا رہے ہیں۔ مکرم باجوہ صاحب کے خاندان میں احمدیت ان کے والد محترم چوہدری شیر محمد صاحب کے ذریعہ آئی۔ خوش قسمتی سے انہوں نے عنفوان شباب میں ہی بیعت کر لی اور پھر دن بدن اخلاص اور نیکی میں ہی ترقی کرتے گئے۔ جبکہ ان کے والد مکرم چوہدری علی بخش صاحب نمبردار احمدی نہ تھے بلکہ مخالفت کرتے تھے۔ سعادت مند بیٹے کی یہ شدید خواہش تھی کہ جو روحانی نعمت انہیں حاصل ہوئی ہے والد بھی اس سے فیضیاب ہوں لیکن وہ متعصب پیروں اور سجادہ نشینوں کے زیر اثر اپنی صوفیانہ ظاہرداری کے زعم میں مگن رہتے اور کسی احمدی عالم کی بات سننے یا ان سے مذہبی گفتگو کرنے کے روادار نہ تھے۔ مرکز سلسلہ سے آنے والے کارکنان انہی کے چوپال میں آ کر قیام کرتے۔ وہیں ایک کونہ میں واقع بیت میں نمازیں پڑھتے، درس دیتے اور تقاریر کرتے۔ بزرگ نمبردار صاحب کو یہ باتیں پسند نہ تھیں۔ تقاریر کے وقت وہ چوپال کے دوسرے کونہ میں موجود رہائشی کمروں میں جا بیٹھتے تا کہ احمدیت کا ذکر ان کے کانوں میں نہ پڑے۔ اسی طرح کئی سال گزر گئے۔ ہدایت پانے کا بھی ایک وقت ہوتا ہے۔ ایک دفعہ مرکز سلسلہ قادیان سے حضرت مولانا غلام رسول راجیکی صاحب دورہ پر چک نمبر 33 تشریف لے گئے۔ چوپال میں بیٹھے ہوئے ایک دن جبکہ نمبردار صاحب بھی وہاں موجود تھے حضرت مولانا صاحب نے مکرم چوہدری شیر محمد صاحب کی تحریک پر لوگوں کے سامنے مسائل تصوف اور روحانی حقائق بیان کرنے شروع کئے۔ حسب دستور نمبردار صاحب وہاں سے اٹھ کر کچھ دور ایک کمرہ میں جا بیٹھے تا کہ تقریر کے اثر سے محفوظ ہو جائیں۔ حضرت مولانا صاحب نے اپنی آواز بلند کر دی تا کہ نمبردار صاحب کے کانوں تک کچھ نہ کچھ کلمات خیر پہنچ جائیں۔ ایک تو تقریر ان کے ذوق کے مطابق تھی اور دوسرے مولانا صاحب کا دلی خلوص کام کر رہا تھا:

سخن کز دل بروں آید نشیند لا جرم بر دل

نہ چاہنے کے باوجود نمبردار صاحب کے ذوق تصوف کو تسکین ملی اور روحانی حقائق ان پر اثر انداز ہوئے۔ تقریر کے بعد حضرت مولانا صاحب حسب پروگرام اگلے گاؤں جانے کی تیاری کرنے لگے۔ مکرم نمبردار صاحب نے اندر سے کسی کے ذریعہ پیغام بھجوایا کہ اگر مولانا آج روانگی ملتوی کر دیں تو رات کو میں ان کی تقریر ان کے سامنے بیٹھ کر سنوں گا۔ احباب کے اصرار پر آپ نے روانگی ملتوی کر دی۔ فرماتے ہیں کہ رات کو میں نے ان کے ذوق کے مطابق فلسفہ ایمان اور مسائل تصوف پر تین گھنٹے تک تقریر کی جو انہوں نے شوق سے سنی۔ اگلا دن بھی وہ حضرت مولانا صاحب سے گفتگو کرتے رہے۔ الحمد للہ کہ انہیں انشراح صدر حاصل ہو گیا اور آپ کی موجودگی میں ہی انہوں نے اور ان کے کئی ساتھیوں نے بیعت کر لی۔

محترم چوہدری علی بخش صاحب تعلیم یافتہ اور زیرک انسان تھے۔ بیعت کے بعد انہوں نے ایمان اور اخلاص میں جلد جلد ترقی کر لی اور بہتوں سے آگے نکل گئے۔ دیگر نیکیوں کے علاوہ انہوں نے وصیت بھی کر دی جو ان کی جائیداد کے لحاظ سے ایک بڑی قربانی تھی۔ وفات کے بعد آپ بہشتی مقبرہ قادیان میں دفن ہوئے۔ یہ بھی خاص اتفاق تھا کہ ان کی اور میرے دادا مکرم چوہدری الہ بخش صاحب کی وفات قریب قریب ہوئی۔ چنانچہ ہم ان دونوں بزرگوں کے تابوت اکٹھے ہی قادیان لے کر گئے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے نماز جنازہ پڑھائی اور زندگی بھر کے یہ دو دوست بہشتی مقبرہ قادیان کے ایک ہی قطعہ میں دفن ہوئے۔ یہ جون 1947ء کے دن تھے جبکہ کئی جگہ فسادات شروع ہو چکے تھے۔ پاکستانی علاقہ سے قادیان جانے والے غالباً یہ آخری جنازے تھے۔

یہ وہ بزرگ تھے جن کی زیر نگرانی مکرم باجوہ صاحب نے اپنا بچپن گزارا اور ان سے تربیت پائی۔ اس سلسلہ میں وہ اپنے دادا صاحب سے زیادہ متاثر تھے فرماتے تھے کہ جب میں نے زندگی وقف کرنے کا ارادہ کیا تو میں نے صرف دادا صاحب سے مشورہ کیا۔ انہوں نے فرمایا کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے ارشاد پر تمہارے دل میں نیکی کی ایک تحریک پیدا ہوئی ہے اس لئے فوراً زندگی وقف کر دو۔ چنانچہ آپ نے زندگی وقف کر دی اور خدمت سلسلہ میں لگ گئے۔

ایک واقف زندگی کے طور پر آپ نے ساری زندگی سادگی اور کفایت شعاری سے بسر کی اور کسی طرف طمع کی نظر سے نہیں دیکھا۔ مکرم چوہدری مشتاق احمد باجوہ صاحب سابق امام بیت الفضل لندن و وکیل الزراعت تحریک جدید سے آپ کے قریبی تعلقات تھے۔ جب سندھ میں غلام محمد بیراج بنا تو انہوں نے وہاں ایک وسیع رقبہ حاصل کیا۔ اب انہیں ایک ایسے شخص کی ضرورت تھی جو اس زمین کو آباد کر سکے۔ انہوں نے اس بارہ میں مکرم باجوہ صاحب سے رابطہ کیا مکرم باجوہ صاحب نے اپنے گاؤں کے ایک بزرگ جو ان کاموں میں دلچسپی رکھتے تھے کو مکرم چوہدری مشتاق احمد صاحب سے ملا دیا۔ باہمی معاہدہ تحریر ہونے لگا تو مکرم چوہدری صاحب نے محترم باجوہ صاحب سے کہا کہ آپ بھی حصہ دار بن جائیں۔ فرمایا کہ ایک حصہ میرا ہوگا اور ایک آباد کرنے والے کا اور تیسرا حصہ آپ کا ہوگا۔ انہوں نے اس بات پر بڑا زور دیا لیکن باجوہ صاحب نے صاف انکار کر دیا۔ کہا کہ آپ زمین خریدنے والے اور یہ آباد کرنے والے۔ میرا کوئی تعلق نہیں میں مفت میں کیسے حصہ دار بن جاؤں۔ آپ کی خواہش کے مطابق میں نے آدمی مہیا کر دیا ہے۔ آپ کی زمین آپ کو مبارک ہو۔ کوئی عام زمیندار ہوتا تو وہ ضرور لالچ میں آ جاتا لیکن مکرم باجوہ صاحب اس طرف بالکل مائل نہ ہوئے اور آخر تک اپنے اس فیصلہ پر خوش رہے۔ بحیثیت واقف زندگی سادگی اور کفایت شعاری آپ کا طرہ امتیاز تھا۔ اللہ تعالیٰ آپ کے درجات بلند فرمائے۔ آمین۔

☆......☆......☆

سلام کا رواج اور اس کی فضیلت

مرسلہ: مجلس خدام الاحمدیہ مقامی ربوہ

سلام ایک دعا ہے۔ جس کے معنی امن، سلامتی، رحمت اور برکت کے ہیں۔ یہ خدا تعالیٰ کا عنایت کردہ تحفہ ہے جو تمام دنیا کو امن کا پیغام دینے والا اور سلامتی کا سرچشمہ ہے۔ یہ تحفہ نبی اکرم ﷺ کے ذریعہ ہم تک پہنچا۔ آپ ﷺ نے اس قول خیر کو پھیلانے کا اس قدر حکم دیا کہ معاشرہ کی فضا، سلامتی کی دعاؤں سے بھر جائے اور انسان کی اندرونی نفرتوں، کینہ، بغض، حسد اور تکبر سے نجات حاصل ہو اور انسان حقیقی طور پر دوسرے بھائی کا خیر خواہ بن جائے۔ قرآن کریم میں خدا تعالیٰ فرماتا ہے۔

”جب گھر میں داخل ہونے لگو تو اپنے (عزیزوں یا دوستوں) پر سلام کہہ لیا کرو۔ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک بڑی برکت والی اور پاکیزہ دعا ہے“ (النور:62) آنحضرت ﷺ نے اس عظیم خلق کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لئے باریکی میں جا کر عظیم طریقے سکھائے، جو عظیم نیکیاں انسان کے اندر پیدا کرنے کے لئے معاون و مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ اس کے بارہ میں چند روایات پیش خدمت ہیں۔

حضرت ابوہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول ﷺ نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے۔ تم اس وقت تک جنت میں داخل نہیں ہو سکتے جب تک کہ تم ایمان نہ لے آؤ۔ تم صاحب ایمان اس وقت تک نہیں ہو سکتے جب تک باہم محبت نہ کرو کیا میں تم کو ایک ایسا فعل نہ بتاؤں جو تم بجا لاؤ تو باہم محبت کرنے لگو۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ”افشوا السلام بینکم“ یعنی آپس میں سلام کہنے کو رواج دو۔ (مسلم کتاب الایمان)

اس روایت میں رسول اللہ ﷺ نے جنت کا راستہ ایمان، ایمان کا راستہ محبت اور محبت کا راستہ سلام کہنے اور اس طریق کو خوب رائج کرنا بتایا ہے۔ بیشک محبت، احسان اور مروت سے بھی بڑھتی ہے لیکن احسان و مروت ہر شخص نہیں کر سکتا۔ اس کے لیے کچھ خرچ کرنا پڑتا ہے، کچھ قربانی کرنی پڑتی ہے لیکن سلام کہنے کا بیش قیمت ہدیہ بغیر خرچ کیے ہر شخص پیش کر سکتا ہے۔ کیونکہ یہ محض ایک رسمی ملاقات کا طریق ہی نہیں ہے بلکہ امن اور سلامتی کی انمول دعا بھی ہے۔

اسی طرح حضرت عمران بن حصینؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا اور اس نے السلام علیکم کہا۔ آپ ﷺ نے اس کے سلام کا جواب دیا جب وہ بیٹھ گیا تو آنحضرت ﷺ نے فرمایا اس شخص کو دس نیکیاں ثواب ملا ہے۔ پھر ایک اور شخص آیا اور اس نے السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہا۔ آپؐ نے سلام کا جواب دیا۔ جب وہ بیٹھ گیا تو آپ نے فرمایا اس کو بیس نیکیاں زیادہ ثواب ملا ہے۔ پھر ایک اور شخص آیا اس نے السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کہا آپ ﷺ نے انہیں الفاظ میں اس کو جواب دیا اور فرمایا اس شخص کو تیس نیکیاں ثواب ملا ہے۔

(ترمذی ابواب الاستئذان)

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے آنحضرت ﷺ سے پوچھا کون سی خصلت بہتر ہے۔ فرمایا کہ تو کھانا کھلائے اور تو پہچانتا ہو یا نہ پہچانتا ہو سب کو سلام کرے۔

(بخاری کتاب الاستئذان)

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی اپنے بھائی کو ملے تو چاہیے کہ اس کو سلام کہے۔ اگر ان کے درمیان درخت یا دیوار یا پتھر حائل ہو جائے اور پھر ملاقات ہو تو چاہیے کہ پھر سلام کہے۔ (ابوداؤد کتاب الادب)

صحابہ کرامؓ اس نیکی کی حد درجہ نگہداشت کرتے تھے اور اس قدر پابند تھے کہ وہ بازاروں میں صرف سلام کرنے کیلئے جاتے تھے حدیث میں آتا ہے کہ ایک دفعہ ایک صحابی دوسرے صحابی کے پاس آئے اور کہنے لگے آؤ بازار چلیں اس صحابی نے سمجھا کہ کوئی کام ہو گا لیکن وہ بازار میں گھوم کر یونہی چلے آئے نہ کسی دکان پر ٹھہرے نہ کوئی چیز خریدی۔ دو تین دن کے بعد پھر آئے اور کہنے لگے آؤ بازار چلیں اس صحابی نے کہا کیا آج کوئی خاص کام ہے یا یونہی ساتھ لے جانا چاہتے ہو۔ پھر بازار جا کر کیا کرو گے نہ کسی سودے پر ٹھہرتے ہو نہ کسی اسباب کا پوچھتے ہو نہ سودا لیتے ہو نہ ہی بازار کی مجلس میں بیٹھتے ہو۔ انہوں نے کہا کہ میں بازار اس لئے جاتا ہوں کہ کئی دوست ملتے ہیں ہم تو سلام کے لئے جاتے ہیں جو ہمارے سامنے آئے گا ہم اسے سلام کہیں گے۔ (موطا کتاب الجامع)

اس عظیم الشان خلق کے متعلق اس دور میں حضرت مسیح موعود کا طریق یہ تھا۔

چنانچہ حضرت قاضی محمد یوسف صاحب بیان کرتے ہیں کہ حضرت مسیح موعود کو سلام کا اس قدر خیال تھا کہ حضور اگر چند لمحوں کے لئے بھی جماعت سے اٹھ کر جاتے اور پھر واپس تشریف لاتے تو ہر بار جاتے بھی اور آتے بھی السلام علیکم کہتے۔

(سیرت المہدی حصہ سوم 32)

نیز ایک دوسری روایت کے مطابق حضرت اقدس اکثر السلام علیکم پہلے کہا کرتے تھے۔

(سیرت المہدی حصہ سوم صفحہ 14)

حضور فرماتے ہیں۔

”اس زمانے میں...... اکثر امراء کا حال سب سے بدتر ہے۔ وہ گویا یہ خیال کرتے ہیں کہ وہ صرف کھانے پینے اور فسق و فجور کے لئے پیدا کئے گئے ہیں دین سے وہ بالکل بے خبر اور تقویٰ سے خالی اور تکبر اور غرور سے بھرے ہوتے ہیں۔ اگر ایک غریب ان کو السلام علیکم کہے تو اس کے جواب میں وعلیکم السلام کہنا اپنے لئے عار سمجھتے ہیں۔ بلکہ غریب کے منہ سے اس حکم کو ایک گستاخی کا حکم اور بیباکی کی حرکت خیال کرتے ہیں حالانکہ پہلے زمانے کے (۔) بڑے بڑے بادشاہ السلام علیکم میں اپنی کوئی کسر شان نہیں سمجھتے تھے۔“

(چشمہ معرفت روحانی خزائن جلد 23 صفحہ 327)

حضور کی طرح آپ کے رفقاء بھی سنت پر احسن طریق پر عمل کرنے کی کوشش کرتے۔ چنانچہ قادیان میں حضرت مولانا شیر علی صاحب کی زندگی کا جن لوگوں کو تجربہ ہے وہ جانتے ہیں کہ آپ ہمیشہ پہلے سلام کرنے کی کوشش فرماتے تھے۔ اور باوجود کوشش کے کوئی شخص ان کے سلام پر سبقت نہیں لے جا سکتا تھا اسی طرح حضرت مفتی محمد صادق صاحب، حضرت مولوی سید سرور شاہ صاحب جیسے عظیم رفقاء کی حیات طیبہ بھی اس امر کی شاہد ہے کہ آپ ہمیشہ چھوٹے بڑے، اعلیٰ ادنیٰ کو بلاتفریق سلام کہتے تھے۔ اور دوسرے شخص سے پہلے یہ ہدیہ ان تک پہنچانے کی کوشش فرماتے تھے۔

حضرت مصلح موعود سورۃ النور آیت 62 کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

”احادیث میں لکھا ہے کہ جبرئیل جب رسول کریم ﷺ کے پاس آتے تو آپ کو سلام کہتے۔ اور رسول کریم ﷺ ان کو دیکھ کر سلام کہتے۔ اب ان سے بڑا اور کون ہے جسے سلام کہنے کی ضرورت نہ ہو لیکن بہت لوگ ہیں خصوصاً انگریزی تعلیم یافتہ جو سلام کو بہت حقیر چیز سمجھتے ہیں اور اپنے عمل سے رسول کریم ﷺ کو اور جبرئیل حتیٰ کہ خدا تعالیٰ سے بھی اپنے آپ کو بڑا قرار دیتے ہیں۔ کیونکہ جس حکم کو بہت سی حکمتوں کے ماتحت خدا تعالیٰ نے فرض قرار دیا ہے بلکہ اپنی ذات کے لئے بھی رکھا ہے اور جس کی تاکید رسول کریم ﷺ نے کی ہے اس سے یہ لوگ اپنے آپ کو مستغنی سمجھتے ہیں۔ اول تو صرف ہاتھ سے اشارہ کر دیتے ہیں یا ایک دوسرے سے ملیں گے تو کہیں گے مولوی صاحب اور دوسرا اس کے جواب میں کہہ دیگا۔ بھائی صاحب یا یہ کہہ دیں گے سناؤ جی کیا حال ہے لیکن شریعت کا یہ منشاء نہیں۔ شریعت نے السلام علیکم کہنا ضروری قرار دیا ہے اور رسول کریم ﷺ نے اس کو باہمی اتحاد کا ذریعہ قرار دیا ہے۔“

(تفسیر کبیر جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 405)

ہمارے پیارے امام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں۔

جہاں احمدی اکٹھے ہوں وہاں تو سلام کو رواج دیں خاص طور پر ربوہ، قادیان میں اور بعض اور شہروں میں بھی اکٹھی احمدی آبادیاں ہیں ایک دوسرے کو سلام کرنے کا رواج دینا چاہیے۔ میں نے پہلے بھی ایک دفعہ ربوہ کے بچوں کو کہا تھا کہ اگر بچے یاد سے اس کو رواج دیں گے تو بڑوں کو بھی عادت پڑ جائے گی پھر اسی طرح واقفین نو بچے ہیں ہمارے جامعہ نئے کھل رہے ہیں ان کے طلباء ہیں اگر یہ سب اس کو رواج دینا شروع کریں اور ان کی یہ ایک انفرادیت بن جائے کہ یہ سلام کہنے والے ہیں تو ہر طرف سلام کا رواج بڑی آسانی سے پیدا ہو سکتا ہے۔“

(خطبات مسرور جلد دوم صفحہ نمبر 636)

غرض سلام کہنا ایک بڑی نیکی ہے اور رسول کریم ﷺ نے اخوت کے قیام کیلئے اسے ضروری قرار دیا ہے۔

پس سلام کو چھوٹی اور معمولی بات سمجھ کر نہ چھوڑیں بلکہ اس کی نگہداشت کریں۔ وہ لوگ جو بڑے درجوں پر ہیں انہیں چاہیے کہ چھوٹوں کو سلام کیا کریں اور چھوٹوں کو چاہیے کہ بڑوں کو سلام کیا کریں۔ یہ نہ ہو کہ کوئی بھی سلام نہ کہے اور دونوں خاموشی سے گزر جائیں بلکہ بڑوں کو سلام کرنے میں سبقت اختیار کرنی چاہیے تا کہ انہیں دیکھ کر دوسروں کو بھی توجہ پیدا ہو اور وہ بھی اس قومی شعار کو اختیار کر لیں۔

خدا تعالیٰ ہمیں رسول کریم ﷺ کے تمام احکامات پر کما حقہ عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہم اس کے نتیجے میں دنیا اور آخرت میں فلاح پائیں۔

آمین۔

یہ عثمانؓ کا ہاتھ ہے

6ھ میں جب حدیبیہ کے مقام پر مسلمانوں اور کافروں کے مابین بات چیت ہو رہی تھی۔ تو رسول اللہ ﷺ نے حضرت عثمانؓ کو نمائندہ بنا کر اہل مکہ سے گفتگو کے لئے بھجوایا۔ اس دوران یہ افواہ پھیل گئی کہ حضرت عثمانؓ کو مکہ میں شہید کر دیا گیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فیصلہ فرمایا کہ اگر اہل مکہ نے قاصد کو قتل کر دیا ہے تو اس قتل کا بدلہ ضرور لیا جائے گا۔ اور آپؐ نے اس موقعہ پر صحابہؓ سے جان کی قربانی کا وعدہ لیا۔ جو بیعت رضوان کے نام سے مشہور ہے۔ جب یہ بیعت ہو رہی تھی تو رسول اللہ ﷺ نے اس خیال سے کہ شاید افواہ غلط ہو خود حضرت عثمانؓ کی طرف سے بیعت کی۔ یعنی اگر حضرت عثمانؓ یہاں موجود ہوتے تو ضرور اس بیعت میں حصہ لیتے آپؐ نے اپنے ایک ہاتھ کے متعلق فرمایا یہ عثمانؓ کا ہاتھ ہے۔ اور دوسرا ہاتھ اس کے اوپر رکھ کر بیعت لی بعد میں افواہ غلط ثابت ہوئی اور حضرت عثمانؓ بخیریت واپس آ گئے مگر رسول اللہ ﷺ نے ان کو بیعت کے ثواب اور اعزاز سے محروم نہیں رکھا۔

(بخاری کتاب المغازی۔ غزوہ احد)

س۔ رفیق

میری پیاری والدہ

مکرمہ عنایت بیگم صاحبہ زوجہ مکرم بشیر احمد چغتائی صاحب

میرے والد مکرم بشیر احمد چغتائی صاحب 1910ء میں پیدا ہوئے اور میری والدہ 1911ء میں پیدا ہوئیں۔ آپ دونوں فدائی احمدی اور خاندان حضرت مسیح موعود سے بے انتہا محبت کرنے والے تھے۔ آپ دونوں اللہ تعالیٰ کے فضل سے عبادت گزار تھے۔ امی جان کو بچپن سے ہی نماز باجماعت کا بہت شوق تھا۔ آپ بتایا کرتی تھیں کہ جب بیت سے نماز باجماعت کی آواز سنائی دیتی تو آپ بھی گھر کی چھت پر جائے نماز بچھا کر نماز ادا کرنی شروع کر دیتیں اور باجماعت نماز ادا کرنے کی یہ تڑپ اور لگن تاوفات قائم رہی۔ امی جان نے قرآن پاک پڑھ لینے کے بعد سب سے پہلے اپنی والدہ ماجدہ کو قرآن پاک پڑھایا اور تاحیات قرآن پاک کا یہ درس جاری رہا اور بے شمار بچوں اور بڑوں کو آپ نے اس پاک کتاب کی تعلیم دی۔

میرے والد مکرم بشیر احمد چغتائی صاحب اور والدہ مکرمہ عنایت بیگم صاحبہ اپنے خاندان میں اکیلے احمدی ہوئے۔ میرے والد صاحب کی حضرت ملک عبدالرحمان صاحب خادم، خالد احمدیت سے بہت دوستی تھی۔ دونوں گجرات کے رہنے والے تھے۔ ان کی دعوت الی اللہ سے آپ نے احمدیت قبول کی۔ جب والد صاحب نے احمدیت قبول کی، ان دنوں والد صاحب ٹاٹانگر جمشید پور سٹیل مل میں کام کرتے تھے اور والدہ صاحبہ راولپنڈی اپنے میکے آئی ہوئی تھیں۔ میرے نانا اور ماموؤں کو اس بات کا علم ہوا کہ ان کے داماد نے احمدیت قبول کر لی ہے تو والدہ مرحومہ کو حکم دیا کہ اب تم ادھر ہی رہو گی اور بشیر سے تمہارا نکاح ختم ہو گیا لیکن سب گھر والوں کی مخالفت کے باوجود والدہ صاحبہ نے کہا کہ وہ ایک دفعہ اپنے شوہر کے پاس جانا چاہتی ہیں۔ تا کہ وہ دیکھیں کہ ان میں ایسی کیا خرابی پیدا ہو گئی ہے کہ جس کی وجہ سے لوگ انہیں کافر کہہ رہے ہیں۔ آپ بتاتی تھیں کہ میں چپکے چپکے تمہارے والد صاحب کا جائزہ لیتی رہی اور میں یہ دیکھ کر حیران رہ گئی کہ میرے شوہر پہلے سے زیادہ عبادت گزار اور شعار دینی کو ادا کرنے والا بن گئے ہیں۔

